سوال

SasorDamad

جواب

ساس کے ساتھ زنا کرنے سے بیوی کے نکاح کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک شخص اگر اپنی ساس کے ساتھ زنا کرلیتا ہے تو کیا اس کا اپنی بیوی کے ساتھ نکاح باقی رہتا ہے یا ختم ہوجاتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! زنا ایک انتہائی قبیح گناہ ہے، خصوصا محارم کے ساتھ اس کی قباحت اور زیادہ شدید ہوجاتی ہے۔ آپ اللہ سے پکی توبہ کریں اور آئندہ کے لئے اس جرم شنیع سے اپنے آپ کو بچا کر رکھیں۔ ساس کے ساتھ زنا کرنے سے بیوی حرام نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ کسی بھی حرام کام سے کوئی حلال کام حرام نہیں ہوتا ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: «لا یحرم الحرام الحلال» سنن ابن ماجہ» کتاب النکاح» باب لا یحرم الحرام الحلال (2015) حرام کام کسی حلال کو حرام نہیں کرتا ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی